پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر میں ایگزم بینک اور ایشین ایگریکلچرل ڈیولپمنٹ اینڈ کوآپریشن آرگنائزیشن کے وفود کا دورہ، دو اہم سیشنز کا انعقاد

برآمدات کے فروغ کیلئے ایکسپورٹ فنانسنگ اور بین الاقوامی تجارتی شراکت داری پر توجہ، چیمبر ممبران کو جدید سہولیات سے آگاہ کیا گیا

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) میں تاجر برادری کے معاشی استحکام، برآمدات کے فروغ اور بین الاقوامی تجارتی شراکت داری کے قیام کے سلسلے میں دو اہم سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ پہلے سیشن میں ایگزم بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ منیجر وقاص سلیم نے باضابطہ دورہ کیا، جبکہ دوسرے سیشن میں ایشین ایگریکلچرل ڈیولپمنٹ اینڈ کوآپریشن آرگنائزیشن کی ڈائریکٹر مس ہا دا بن نے خصوصی شرکت کی۔

پہلے سیشن کی صدارت نائب صدر چیمبر رانا محمد فرحان اصغر نے کی جس میں وقاص افضل اور سابق نائب صدر اظہر اسلم بھی موجود تھے۔ چیمبر کے ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ ٹریننگ سینٹر کے تعاون سے منعقدہ اس اجلاس کے دوران ایگزم بینک کے کارپوریٹ منیجر وقاص سلیم نے چیمبر اراکین کو برآمدات میں اضافے کے لیے جدید ایکسپورٹ فنانسنگ، تجارتی کریڈٹ سہولیات اور کریڈٹ انشورنس کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

دوسرے سیشن کی صدارت صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر مس ہا دا بن نے چیمبر ممبران کو جدید زرعی تکنیک، ایگرو پروسیسنگ اور ایشیائی خطے میں تجارتی تعاون کے مواقع سے آگاہ کیا۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے ان کے ساتھ گوجرانوالہ کی معیاری مصنوعات کی ایشیائی مارکیٹس تک رسائی اور جدید زرعی اشتراکِ عمل کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

PRESS RELEASE

Delegations from Exim Bank and Asian Agricultural Development and Cooperation Organization Visit Gujranwala Chamber; Two Important Sessions Held

Focus on Export Financing and International Trade Partnerships to Boost Exports; Chamber Members Briefed on Modern Facilities

GUJRANWALA: Two significant sessions were convened at the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) aimed at economic stabilization of the business community, export promotion, and establishing international trade partnerships. The first session featured an official visit by Waqas Saleem, Corporate Manager of Exim Bank of Pakistan, while the second session was graced by Ms. Ha Da Bin, Director of the Asian Agricultural Development and Cooperation Organization.

The first session was presided over by GCCI Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, with Waqas Afzal and former Vice President Azhar Aslam in attendance. Organised in collaboration with the Chamber's Research and Development Training Centre, Exim Bank Corporate Manager Waqas Saleem delivered a comprehensive briefing to Chamber members on modern export financing, trade credit facilities, and credit insurance designed to accelerate export growth.

The second session was presided over by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge. On this occasion, Director Ms. Ha Da Bin apprised Chamber members of advanced agricultural techniques, agro-processing, and trade cooperation prospects across the Asian region. President Sheikh Ghulam Hussain Judge held detailed deliberations with her regarding facilitating access for Gujranwala's quality products to Asian markets and fostering modern agricultural collaboration.